سوال

(288)تراویح اور وتر کی تعداد

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت کے مطابق اللہ کے رسول ﷺ رمضان اور غیر رمضان میں کل ١١ رکعات پڑھتے تھے اس کی تفصیل درکار ہے رمضان میں تراویح تھی تو کیا وتر تین تھے ؟ اور غیر رمضان میں کون کون سی رکعتیں فرض وسنت ہیں ؟ گویا رمضان وغیر رمضان میں تعداد فرض ، سنت مؤکدہ اور وتر کی تعداد درکار ہے جو اللہ کے رسول ﷺ کا معمول تھا ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح مسلم میں عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے ان گیارہ رکعتوں کی کیفیت بھی بیان فرما دی ہے کہ ''آپ ﷺ گیارہ رکعات پڑھتے ہر دو رکعت پر سلام پھیرتے'' تو واضح ہے آخر میں ایک رکعت الگ سلام کے ساتھ پڑھتے ۔ (مسلم ۔ صلاۃ المسافرین ۔ باب صلاۃ اللیل وعدد رکعات النبی ﷺ فی اللیل) اس کے علاوہ اور کیفیات بھی آپ ﷺ سے ثابت ہیں ثابت شدہ جس کیفیت پر بھی عمل کرے درست ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نماز کا بیان ج1ص 227

محدث فتویٰ